# اکزونوبل پاکستان لمیٹڈ

## نوٹس برائے آٹھویں سالانہ جنرل میٹنگ

اکزونوبل پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے آٹھویں جنرل میٹنگ کا نوٹس پیش کیا جارہاہے، جو کہ مورخہ 23 اپریل 2019 بروز منگل ساڑھے دس بجے، بمقام پرل کانٹینٹل ہوٹل، شاہراہ قائداعظم، لاہور۔ 54000 میں منعقد ہوگا۔ جس میں درج ذیل نکات کی منظوری دی جائے گی۔

**عمومی کاروائی:۔**

ا۔ 25 اپریل 2018 کو منعقدہ ساتویں سالانہ عمومی اجلاس کے منٹس کی توثیق۔

۲۔ اکزونوبل پاکستان لمیٹڈ کے 31 دسمبر 2018 کو مکمل ہونے والے سال کے موصول شدہ حسابات (اکاؤنٹس) بشمول آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز صاحبان کی رپورٹس کی وصولی اور ان پر غور وخوض اور منظوری۔

۳۔ ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق 31 دسمبر 2018 کو مکمل ہونے والے سال کے فائنل کیش ڈیویڈنڈ کا اعلان اور منظوری دی جائے گی۔ جو کہ پچاس فیصد کے حساب سے یعنی دس روپے کے ہر عام شیئر پر 5.00 روپے ہوگا جس کی ادائیگی ان ممبران کو کی جائے گی جن کے نام 16 اپریل، 2019 کو رجسٹر آف ممبرز پر موجود ہوگا۔

۴۔ کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔

۵۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی بھی دیگر متعلقہ کاروباری معلومات زیر بحث لائے جائیں گے۔

02 اپریل 2019،

لاہور

بحوالہ آرڈر آف بورڈ

زنیرہ ڈار

کمپنی سیکرٹری

**نوٹس:۔**

**(ا) شیئر ٹرانسفر بکس کی تکمیل**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 17 اپریل 2019 سے 23 اپریل 2019 کے دوران بند رہے گی (بشمول دونوں دنوں کے) قوائد کے مطابق کاروبار کے اختتام سے قبل 16 اپریل 2019 تک شیئرز رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایف۔8، نزد ہوٹل فاران نرسری، بلاک۔6، پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس، شاہراہ فیصل، کراچی میں موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو ٹرانسفریز کے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لئے شامل کیا جائے گا۔

**(۲) سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت**

تمام ارکان سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں۔ ایک ممبر جو اجلاس میں شرکت، اظہار خیال اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہے وہ اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت، اظہار خیال اور ووٹنگ میں حصہ لینے کیلئے کسی پراکسی کو نامزد کرسکتا ہے۔ پراکسی کے لئے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کا رکن ہو۔ ایک کارپوریٹ شناخت، باحیثیت رکن، اس بات قطع نظر کسی بھی شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے چاہے وہ رکن ہے یا نہیں۔ کارپوریٹ شخصیات کی صورت میں بورڈ آف ڈائیریکٹر یا پھر پاور آف اٹارنی پراکسی کے لئے نامزد فارم کے ہمراہ جمع کروائی جاسکتی ہے۔ جس پر نمائندگی کیلئے نامزد کردہ شخص کے دستخط موجود ہوں اور یہ بھی درج ہونا چاہیے کہ وہ کارپوریٹ شناخت کی طرف سے ووٹنگ میں حصہ لے گا۔ پراکسی حضرات کو اجلاس کے موقع پر اپنا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پھر اپنا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

**(۳) پراکسی فارم**

اجلاس میں شرکت کیلئے ضروری ہے کہ پراکسی فارم مکمل پر کرکے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر 346 فیروزپور روڈ لاہور میں اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل جمع کروانا ضروری ہے پراکسی کیلئے فارم اے۔جی ایم نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور اس پر دو گواہوں کے دستخط ہونے چاہیے اور ساتھ ہی ان کا پتہ اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر بھی درج ہونا چاہیے۔

**(۴) لازمی نوٹس، اُن شیئرز ہولڈرز کیلئے جنہوں نے اپنا شناختی کارڈ فراہم نہیں کیے**

تمام شیئر ہولڈرز جن کے پاس فیزیکل شیئرز موجود ہیں اور جنہوں نے ابھی تک اپنے شناختی کارڈ (جن کی میعاد ختم نہیں ہوئی) جمع نہیں کروائے، ان سے درخواست ہے کہ اپنے شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی بمعہ اپنے فولیو نمبر کمپنی کے، شیئر رجسٹرار کو بھجوادیں۔ شیئر ہولڈرز کے شناختی کارڈ کی غیر موجودگی کمپنی میں متعلقہ شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ترسیل روک دے گی۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4 | مس عائشہ حامد | 4 | 3 | - |
| 5 | مسٹر سعد محمود راشد (چیف ایگزیکٹو آفیسر) | 5 | - | 2 |
| 6 | مسٹر حارث محمود (چیف فنانشل آفیسر) | 5 | 4 | - |
| 7 | مسٹر جیریمی روَ | 5 | - | 2 |
| 8 | مسٹر سپیس ٹین ٹین | 4 | 3 | - |
| 9 | مسٹر ڈیوڈ ڈٹنگ | 2 | - | - |
| 10 | مس سارہ شاہ (کمپنی سیکریٹری) | 4 | - | - |
| 11 | مسٹر ریحان حامد (سیکریٹری آڈٹ کمیٹی) | 1 | 4 | - |
| 12 | مسٹر عثمان علی جمیل (سیکریٹری ایچ آر اینڈ آر کمیٹی) | - | - | 2 |

**کمپوزیشن آف بورڈ:۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| انڈیپینڈنٹ | 2 | - | |
| نان۔ایگزیکٹو | 3 | میل | 6 |
| ایگزیکٹو | 2 | فی میل | 1 |
| ٹوٹل | 7 | ٹوٹل | 7 |

**ڈائریکٹرز ٹریننگ:۔**

جناب معین افضل، جناب سعد محمود راشد، جناب حارث محمود اور محترمہ عائشہ حامد پہلے ہی ٹریننگ مکمل کر چکے ہیں۔اس طرح کمپنی CCG کے قانون کے تحت 50% تک اپنے ڈائریکٹر کی ٹریننگ کروا چکی ہے۔باقی تین نان ایگزیکٹو ٹریننگ بھی 2021ء تک ہو جائے گی۔

**ڈائریکٹرز کی تنخواہ کی تقرری:۔**

انڈیپینڈینٹ کی تنخواہ بورڈ کی اجازت کے بعد ہر تین سال کے بعد جائزہ کی جاتی ہے۔

**بورڈ کمیٹیاں:۔**

بورڈ کی مختلف کمیٹی کی تشکیل صفحہ نمبر 36 پر درج ہے۔


**شیئر ہولڈنگ کا پیٹرن:۔**

کمپنی میں شیئر ہولڈنگ کا پیٹرن بمعہ اضافی معلومات برائے تکمیلی سال 31 دسمبر 2018 صفحہ نمبر F62 تا F64 پر درج ہے۔

ICI Omicron B.V (جو کہ ایکزونوبل گروپ کی ایک کمپنی ہے)، 75.81% شیئرز کی مالک ہے جبکہ انسٹی ٹیوشنز کے پاس 8.03% اور افراد اور دیگر کے پاس 16.16% شیئر بیلنس ہے۔

فی شیئر بلند ترین اور پست ترین مارکیٹ کی قیمت 2018 کے دوران بالترتیب 240 روپے اور 116 روپے رہی۔

ڈائریکٹرز، سی ای او، سی ایف او، کمپنی سیکریٹری اور ان کے شریک حیات اور بچوں نے سال کے دوران کمپنی میں موجود اپنے حصے کے شیئرز کا کوئی لین دین نہیں کیا۔





| | |
|---|---|
| معین افضل | سعد محمود راشد |
| (چیئرمین) | (چیف ایگزیکٹو) |

**کارپوریٹ سماجی ذمہ داری۔**

ایکزونوبل پاکستان نے SOS چلڈرن ویلیج کے ساتھ یوتھ کین پروگرام کے تحت رہائشی علاقوں کی بحالی کے لیے ایک مشترکہ سرگرمی کا انعقاد کیا۔ اس پروگرام کے تحت SOS ویلیج کے گھروں کو پینٹ کیا گیا جسے مکمل طور پر ایکزونوبل نے اسپانسر کیا۔ ڈچ ایمبسیڈر مسز آرڈی بریکن نے اس سرگرمی میں ایکزونوبل کے ملازمین اور ایگزیکیٹو ٹیم کی ہمراہ بھرپور حصہ لیا۔

**اعتراف:۔**

سال 2018 میں ہم نے اپنے افرادی عوامل کو مضبوط تر بنانے کی جانب سفر جاری رکھا تاکہ مقابلہ کی صورتحال میں برتری کو برقرار رکھا جائے۔ اہم ترین نقات جن پر بھرپور توجہ دی گئی ان میں لیڈرشپ کی تیاری، صلاحیت میں اضافہ اور ملازمین کے معاملات و تعلقات کا انتظام شامل ہیں۔ ہمیں اس سب کی بدولت ایک ایسی ٹیم تیار کرنے میں مدد ملی جو ادارے کے اعلیٰ ترین نتائج کے حصول پر کام کرتی ہے۔ جبکہ تنوع اور نتائج کی حصول کا عزم ہمارے ایجنڈے میں قلب کی حیثیت رکھتے ہیں۔ کمپنی کے کاروباری نتائج ہم سب کے بھرپور عزم اور محنت کا مظہر ہیں، جس پر ہمارے صارفین، سپلائرز، خدمات فراہم کرنے والے اور شیئرہولڈرز کا ہم پر اٹوٹ بھروسہ بھی شامل ہے۔

**آڈیٹرز:۔**

موجودہ آرڈیٹرز A.F. Ferguson & Co. Chartered Accountants کی مدت مکمل ہورہی ہے چنانچہ اہلیت کی بنیاد پر انہوں نے دوبارہ تقرری کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔

**کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس کی تعمیل:۔**

جیسا کہ ہماری ملکی سٹاک مارکیٹ کے Listing Rules میں موجود کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس تقاضا کرتا ہے، اس کے عین مطابق ڈائریکٹرز نہایت مسرت سے بیان کرتے ہیں کہ:

- کمپنی کی انتظامیہ کی تیارکردہ فنانشل سٹیٹمنٹس واضح طور پر کمپنی کے عملی معاملات، نتائج، کیش فلوز اور ایکوئٹی میں تبدیلی کو ظاہر کرتی ہے۔
- کمپنی کی بقائدہ اکاؤنٹس بکس کو اہتمام سے برقرار رکھا جارہا ہے۔
- مناسب اکاؤنٹنگ پالیسیز کو فنانشل سٹیٹمنٹس کی تیاری میں مستقل بنیادوں پر لاگو رکھا جاتا ہے اور مالیاتی تخمینے محتاط تجزیوں پر مبنی ہوتے ہیں۔
- مالیاتی رپورٹنگ کے جن بین الاقوامی قوائد کا اطلاق پاکستان میں ہوتا ہے، وہ تمام فنانشل سٹیٹمنٹس کی تیاری میں استعمال کیا جاتے ہیں۔ اس ضمن میں کسی قسم کی تبدیلی کو مناسب طریقے سے واضح طور پر بیان کردیا گیا ہے۔
- انٹرنل کنٹرول کا نظام مضبوط بنیادوں پر تشکیل دیا گیا ہے اس کا اطلاق پُراثر ہے اور اس کی بھرپور نگرانی کی جاتی ہے۔
- کمپنی کی قابلیت بطور کاروباری ادارہ مستحکم ہے اور اس مد میں کسی قسم کا کوئی شک موجود نہیں ہے۔
- Listing Regulations کے مطابق بہترین کارپوریٹ مینجمنٹ کو ممکن بنایا گیا ہے جس کی بدولت نظام سے کسی قسم کا انحراف یا خلاف ورزی وقوع پذیر نہیں ہوئی۔
- گزشتہ پانچ سال کے اہم عملی و مالیاتی ڈیٹا کی سمری صفحہ نمبر F60 اور F61 پر درج ہے۔
- قابل ادائیگی ٹیکسز اور لیویز، فنانشل سٹیٹمنٹس کے نوٹس میں درج ہے۔
- کمپنی کے انتظامیہ اچھے کارپوریٹ انتظام کے لیے پُرعزم ہے اور اس ضمن میں مناسب اقدامات کررہی ہے تاکہ بہترین معیار پر پورا اترا جاسکے۔

**ریٹائرڈمنٹ بینیفٹس میں سرمایہ کاری:۔**

تکمیلی سال 31 دسمبر 2017 کی آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس کے مطابق سٹاف کے ریٹائرمنٹ فنڈز سے سرمایہ کاری کی رقوم کی تفصیل درج ذیل ہے۔ یہ نظام Trusties of Fund کے زیر اہتمام چلایا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | ایکزونوبل پاکستان لیمیٹڈ مینجمنٹ اسٹاف پراویڈنٹ فنڈ | 180 ملین روپے |
| 2 | ایکزونوبل پاکستان لیمیٹڈ مینجمنٹ گریجوئٹی فنڈ | 96 ملین روپے |
| 3 | ایکزونوبل پاکستان لیمیٹڈ مینجمنٹ سٹاف پنشن فنڈ | 116 ملین روپے |
| 4 | ایکزونوبل پاکستان لیمیٹڈ مینجمنٹ اسٹاف طے شدہ برائے ریٹائرمنٹ فنڈ | 125 ملین روپے |
| 5 | ایکزونوبل پاکستان لیمیٹڈ نان مینجمنٹ اسٹاف فنڈ | 32 ملین روپے |

**ڈائریکٹرز کی حاضری:۔**

سال کے دوران پانچ عدد بورڈ آف ڈائریکٹرز میٹنگز، چار آڈٹ کمیٹی کی میٹنگز اور دو ایچ آر اجرت و معاوضہ کمیٹی کی میٹنگز منعقد ہوئیں۔ ہر ڈائریکٹر/ سی ای او/ کمپنی سیکریٹری کی حاضری کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | ڈائریکٹر کا نام | بورڈ آف ڈائریکٹر کی حاضری | آڈٹ کمیٹی کی حاضری | ایچ آر اور ریمونریشن کمیٹی کی حاضری |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مسٹر معین افضل | 5 | 4 | 2 |
| 2 | مسٹر ضیاء الرحمٰن | 1 | 1 | - |
| 3 | مسٹر بارٹ کاسٹر | 1 | 1 | - |